کرنے کا اور اللہ تبارک و تعالےٰ تھوڑے صدقہ کو بہت کر دیتا ہے۔ لقولہ تعالےٰ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ؕ یعنے خدا تعالےٰ کے رستہ میں خرچ کرنے والوں کی مثال مثل دانہ کی ہے کہ ایک دانہ سے سات بالیں ہر بال میں سو دانہ اور اللہ تعالےٰ دگنا فرما دیتا ہے واسطے جسکے چاہے اور اللہ فراخ کرنے والا جاننے والا ہے۔ یعنے ایک سے سات سو بلکہ جسقدر زیادہ اخلاص ہو اوسیقدر زیادہ ترقی ہوتی جاتی ہے جسطرح اور صدقات کو بڑھا دیتا ہے قولہ تعالیٰ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ مگر اخلاص اور نیک نیتی شرط ہے لقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اَلْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ یعنے عملوں کا ثمرہ اور نتیجہ نیتوں پر ہی موقوف ہے۔ خیال فرمائیے۔ کہ آدمی اپنی منکوحہ سے ہمبستری اگر محض لذت و خواہش نفسانی کے لیئے کرے تو ثواب کا مستحق نہ ہوگا۔ اور اگر اولاد صالح اور امت محمدیہ صلعم کے بڑھنے کا خیال ہو تو لذت بھی حاصل ہوگئی اور ثواب عظیم کا مستحق بھی ہوگیا۔ اور کھانا پینا اور بیوی بچوں کا کھلانا پلانا اگر اوسمیں بھی نیت خیر نہیں تو کچھ ثواب نہیں اور اگر اللہ تبارک و تعالےٰ کیطرف متوجہ ہو اور نفس کو دبا دے اور نیت کرے کہ اللہ تعالےٰ کی رضا مندی کے لیے اونکی پرورش و راحت رسانی کرتا ہوں تو وہ لذائذ حلوا پوری وغیرہا تنعم اسکے واسطے نعمائے آخرت میں بھی ہو جاوینگے۔ تیسرا کسی شخص نے مسجد کے قریب مکان بنایا اور مسجد کیطرف دریچہ رکھا ہو خواہ اور روشنی کے لیئے تو اسمیں ثواب نہیں اگر یہ نیت کر لیتا کہ اس سوراخ سے مؤذن کی اذان کی آواز آوے اور میں بھی نماز باجماعت ادا کرونگا تو کسقدر ثواب ہے۔ چہارم ایک شخص موسم حج میں مکہ معظمہ کا سفر واسطے تجارت کے کرتا ہے اور تجارت کی تابع حج کو بھی کرتا ہے۔ اگر نیت حج کی کرتا اور سوداگری کو تابع حج کی کرتا تو کسقدر ثواب تھا پس ایسی ہر ایک کام میں نیت نیک کرنی چاہیئے ایک کام ہوتا ہے کہ حسب نیت وہی نیکی بنجاتا ہے اور وہی گناہ جیسے شارع عام میں مسجد کے راستہ کیطرف ایک شخص نے بانس نیت لکڑی گاڑ دی کہ اگر کوئی سوار سواری پر آوے اور نماز پڑھنے کے وقت اپنے مرکب کو اس لکڑی سے باندھ کر نماز ادا کرے تو اوسکو ثواب لکڑی گاڑنے کا ملجاویگا۔ دوسرے شخص نے اوس لکڑی کو اوکھیڑ ڈالا کہ مبادا کوئی نابینا آدمی اس سے اڑ کر گرے نہیں اور تکلیف نہ اوٹھائے تو اوسکو بھی ثواب حاصل ہوگیا۔ پس ہر کام موقوف نیت پر ہوتا ہے۔ کبھی وہی غذا بہ نیت غزا و جہاد کے بوجہ کذوری دماغ قوی و لذیذ غذا کھاتا ہے تو اللہ تبارک و تعالےٰ اوسکو بھی ثواب جزیل عطا فرماتا ہے بخلاف بدباطن تن پرور کے کہ آخرت کا لحاظ نہیں اور ناسمجھ آدمی شامت نفس سے اپنے انجام کار سے غافل رہتا ہے۔ پس حیلہ اسقاط نیت

Marfat.com

موقوف بہ نیت ہے۔ اگر وارث میت کیطرف سے فدیہ نماز روزے کا ادا کرکے اوسکو سبکدوش کرنے کی نیت سے کرتا ہے تو دونوں کو ثواب جزیل ہے اور اگر ریا و رسم یا بخوف برادری یا کسی اور غرض دنیاوی سے ہے تو ضائع ہے۔ اسمیں کچھ ثواب ہے نہ فدیہ ادا ہوا پس اخلاص شرط ہے۔

ہر ایک سے نیت دریافت کرنا شارع علیہ السلام سے پایا نہیں گیا بلکہ قرآن مجید نے تعلیم فرمائی ہے کہ مسلمانوں پر ظن حسن رکھیں اور بدظنی نہ کریں لقولہ تعالیٰ ظَنُّوا الْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرًا اور بدظنی کرنا گناہ ہے۔ پس منکرین ناحق مسلمانوں پر بدظنی کرکے روسیاہ ہوتے ہیں بلکہ اصل اسقاط کے حیلہ سے جو قرآن و احادیث و تفاسیر و کتب فقہ سے اظہر من الشمس ہے اوس سے انکار کرکے اپنا منہ کالا کرتے ہیں خدا جانے کس موہنہ سے عامل قرآن و حدیث کے مدعی ہوتے ہیں۔ حقتعالےٰ فرقہ منکرین کو ہدایت عنایت فرماوے تو کہ قرآن و حدیث کی مخالفت نہ کریں۔ اور علاوہ عداوت اخیار مومنین کے فوتوں سے کرنے لگ گئے ہیں جو غریق کیطرح پس ماندوں کو جہا نکتے ہیں کہ کوئی ہمکو نفع پہونچاوے یا منکرین سمجھتے ہیں کہ امواتے مثل پتھر کے ہوجاتے ہیں۔ مرگیا مردود نہ فاتحہ نہ درود۔ اسیواسطے وہابیہ مرزائیہ دیوبندیہ فوتوں کیطرف سے ختم تہ اور اسقاط وغیرہ نہیں کرتے۔ اور یہہ مسائل اپنے موقعہ پر مذکور ہونگے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

فصل دوم

میت کیطرف سے نماز روزوں فوت شدہ کا فدیہ ادا کرنے کے ثبوت میں قولہ تعالیٰ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ سورہ بقرہ شریف پ۲ ترجمہ لازم ہے برآنکہ مے تواند روزہ داشتن فدیہ کہ عبارت خوراک یک درویش است فتح الرحمان ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالےٰ عنہ مولوی وحید الزمان کے ترجمہ اردو میں جو شیخ احمد وہابی نے اپنے مطبع احمدی میں طبع کرایا ہے حسب ذیل ہے۔ اور جنکو روزے کی طاقت ہی نہیں تو وہ ہر روزے کا بدلہ کا ایک محتاج کو کھانا دیں ص۳۷ پھر صفحہ مذکور کے حاشیہ میں لکھتا ہے۔ بوڑھا ضعیف یا ایسا بیمار جسکو اچھا ہونے کی امید نہو نصف صاع گیہوں کا یا ایک صاع دوسرے اناج یا کھجور سے دے۔ اور مولوی عبدالحق مؤلف تفسیر حقانی خلاصہ تفسیر حقانی علے القرآن میں بحوالہ تفسیر کبیر لکھتے ہیں يُطِيْقُوْنَهٗ کے یہہ معنے ہیں کہ وہ تکلیف اور مشقت کے ساتھ روزے رکھ سکتے ہوں اور مؤید ہے انکو عکرمہ اور ایوب اور عطاء کی وہ قرأت کہ جسمیں وہ يُطَوَّقُوْنَهٗ ہے پس اوس شخص کے لیئے جو مشقت سے روزہ رکھ سکے یہی حکم ہے کہ وہ ہر روزہ کے بدلے میں فدیہ دے۔ چنانچہ شیخ فانی کا یہی حکم ہے اور امام شافعی کہتے ہیں کہ حاملہ اور دودھ پلانے والی جب روزہ رکھنے سے عاجز ہو تو فدیہ دے اور امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ یہ پھر قضا روزے رکھ سکتے ہیں بخلاف شیخ فانی کے پس یہ فدیہ کا حکم خاص

ف اسی مترجم نے حضرت ایوب علیہ السلام کا قصہ بیان کرکے ایک حدیث کا ترجمہ لکھا ہے جس سے پیدا اسقاط کا بخوبی ثبوت ہوتا ہے اور وہ پیچھے مذکور ہو چکا ہے۔ فقیر حقانی۔

arfat.com

اوسی کے لیئے ہے۔ پس آیت یُطِیْقُوْنَہٗ کو آیت فَمَنْ شَہِدَ مِنْکُمُ الشَّہْرَ فَلْیَصُمْہُ سے منسوخ قرار دینا بیفائدہ ہے اور اسیطرح لا مقدر ماننا اور ہمزہ کو سلب کے لیئے کہنا لا حاصل ہے وَالَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَہٗ سے مراد مسافر اور بیمار ہیں پھر اونکی دو حالتیں ہیں ایک یہ کہ روزہ کی طاقت نہیں رکھتے سو اوسکا حکم خدا تعالے نے فَعِدَّۃٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ میں ظاہر کر دیا کہ اور دنوں میں رمضان کی قضا کرلیں۔ دوسری حالت طاقت کی ہے سو اسمیں اُنکے لیئے یہ حکم فِدْیَۃٌ طَعَامُ مِسْکِیْنٍ کہ فدیہ دیکر چاہے روزہ رکھیں یا نہ رکھیں دونوں میں اختیار ہے تفسیر کبیر خلاصہ تفسیر حقانی علے القرآن صفحہ ۲۹ اور مولوی نواب صدیق حسن خاں بھوپالی اپنی کتاب افادۃ الشیوخ فی مقدار الناسخ والمنسوخ مطبوعہ لاہور کے ۱۲ میں آیت مذکورہ کے وجوہات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں و باقی حال عدم نسخ آیت راجح است بر نسخ و بہ توجیہ صاحب فوز الخبیر و قول و فعل جمعے از صحابہ واللہ اعلم۔ اور یہی نواب مذکور شرح درر البہیہ عربی کے صفحہ ۱۰۲ میں لکھتے ہیں وثبت الاطعام للکبیر الذی لا یستطیع الصیام واخرج البخاری الکبیر عن ابن عباس رضی اللہ عنہما انہ قال لیس ھذہ الآیۃ منسوخۃ وھی للشیخ الکبیر والمرأۃ الکبیرۃ ان یفطرا ویطعما لکل یوم مسکینا واخرج الدارقطنی والحاکم وصححہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما انہ قال رخص للشیخ الکبیر ان یفطر ویطعم لکل یوم مسکینا ولا قضاء علیہ وھذا عن ابن عباس رضی اللہ عنہما تفسیر لما فی القرآن مع فیہ من الاشعار بالرفع فکان ذلک دلیلا علی ان الکفارۃ ھی اطعام مسکینا من کل یوم من کل صلوۃ نصف صاع انتہے یعنے غیر مقلدین کے امام نے اپنی کتاب میں کہا جسکا خلاصہ حسب ذیل ہے بہرحال یہ آیت منسوخ نہیں جیسے حضرت شاہ ولی اللہ نے فوز الخبیر میں فرمایا ایک جماعت صحابہ کے قول و فعل کے موافق اور ایسے ہی بوڑھے کے لیئے جو روزہ رکھنے سے معذور ہو اوسکو کھانا دینا ثابت ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بخاری نے نکالا کہ بوڑھے مرد اور بوڑھی عورت کے حق میں یہ آیت منسوخ نہیں یہ دونو صدقہ فطر کیطرح ہر دن ایک مسکین کو کھانا دیا کریں یہ حاصل مطلب ہے دونو عبارتوں کا اور امام ابن حجر عسقلانی تلخیص الحبیر مطبوعہ انصاری دہلی کے صفحہ ۱۹۶ میں حدیث نقل فرماتے ہیں:

حدیث ابن عمر من مات وعلیہ صیام فلیطعمہ عنہ مکانہ کل یوم مسکین وھی روی مرفوعا وموقوفا الترمذی عن قتیبۃ عن عنبسۃ ابن القاسم عن اشعث عن محمد وھو عبد الرحمن عن نافع عن ابن عمر یعنے ترمذی نے قتیبہ سے اوسنے عنبسہ بن قاسم سے اوسنے اشعث سے اوسنے محمد بن عبد الرحمن سے اوسنے نافع سے اوسنے ابن عمر سے موقوف بیان فرمائی کہ جو مر گیا اور اوپر اسکے روزے ہیں۔ پس چاہیئے کہ وہ میت کیطرف سے کھانا دیا جائے ہر دن ایک مسکین کا اور یہی محدث ابن حجر لکھتے ہیں رواہ النسائی فی الکبیر باسناد صحیح عن ابن عباس لا یصلی احد عن احد

Marfat.com

احد ولا یصوم احد عن احد وروی عبد الرزاق مثلہ عن ابن عمر وفی البخاری فی باب النذر عنہما تعلیقا الی قولہ فی الدارقطنی ولفظہ من ادرک رمضان وعلیہ من رمضان شیء فلیطعم مکان کل یوم مسکینا مدا من حنطۃ واخرج الطحاوی وزادہ انہ لا یقضی وقال ابن حزم روینا عدم القضاء عن ابن عمر من طرق صحیحۃ یعنے امام نسائی نے کبیر میں صحیح اسناد سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ کوئی کسیکی طرف سے نہ نماز پڑھے اور نہ روزہ رکھے اور روایت کی عبد الرزاق نے مثل اوسی کے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور بخاری کے باب النذر میں دونوں روایت تعلیقاً اوس قول تک اور دارقطنی میں یہہ لفظ بھی ہیں کہ جس شخص نے پایا رمضان اور اوسکے ذمے رمضان سے کچھ روزے رہ گئے پس چاہیئے کہ وہ کھانا بمقابلہ ہر ایک دن کے مسکین کو ایک مد گندم دیوے اور اخراج کیا امام طحاوی نے اور زیادہ کیا اوسنے کہ البتہ نہیں قضا کیا اوسنے کہا ابن حزم نے روایت کرتے ہیں نہ قضا کیا اوسنے (یعنے میت کے ذمے جو روزے رہ گئے تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے صحیح طریقوں سے۔ اب اگر اطمینان نہ ہوا ہو تو اپنے ہی علامہ ابن قیم سے سند لیجیئے۔ کہ نواب صدیق حسن خاں اپنی کتاب شرح در بہیہ کے صفحہ میں اوس سے نقل کرتا ہے قال ابن قیم فی اعلام الموقعین وصح عنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ قال من مات وعلیہ صوم صام عنہ ولیہ فطائفۃ حملت ھذا علی عمومہ واطلاقہ وقال یصام عنہ نذرہ والفرض وابت الطائفۃ ذلک وقالت لا یصام عنہ نذر ولا فرض وفصلت طائفۃ فقالت یصام النذر دون الفرض الاصلی وھذا قول ابن عباس واصحابہ وھو الصحیح لان فرض الصیام جار مجری الصلوۃ فکما لا یصلی احد من احد ولا یسلم احد من احد فکذلک الصیام خلاصہ ترجمہ کہا ابن قیم نے کتاب اعلام الموقعین میں اور صحیح ہوا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ جو شخص مر گیا حالانکہ اوسکے ذمے روزے ہیں تو اوسکی طرف سے اوسکا ولی روزے رکھے پس ایک گروہ نے حدیث کے عموم ظاہری الفاظ پر ہی عمل کیا اور کہا روزے فرضی اور نذر کے ولی میت میت کیطرف سے رکھے اور ایک گروہ نے انکار کیا اور کہا کہ نہ رکھے ولی میت روزہ فرض اور نذر اور کہا ایک گروہ نے کہ روزے نذر رکھے اور فرضی روزے نہ رکھے اور فیصلہ کیا۔ اور یہی قول ابن عباس اور اوسکے یاروں کا ہے . . . . . اور یہی صحیح ہے اسلیئے کہ روزہ فرض قائمقام نماز کے ہے۔ پس جیسے کوئی ایک دوسرے کیطرف سے نماز نہیں پڑھ سکتا اور اسلام نہیں لا سکتا ویسا ہی کسی کیطرف سے کوئی روزہ نہیں رکھ سکتا۔

مسئلہ جب میت نے اسقاط کی وصیت کی ہو تو اوسکے مال متروکہ سے تیسرے حصہ سے ادا کرنا اسقاط کا واجب اور اگر میت نے وصیت نہیں کی تو اوسکے وارث اگر زائد علے الثلث

مسئلہ حق تبارک وتعالے کو حاضر وناظر وعلام الغیوب اعتقاد کرنا صحیح قرآن سے ثابت ہے جو کہ منکرین کا انکار ہو رہا ہے کو یا اونہوں نے خدائے تعالے کو بھی اپنی طرح بے خبر اور عاجز سمجھا نعوذ باللہ من ذلک

مسئلہ اگر میت کا وارث نہ ہو تو اوسکے مال سے اسقاط کیجائے بعد ادائے قرض وتجہیز وتکفین کے اگر کسی قرضدار ہو تو پہلے قرض ادا کریں بعد وصیہ۔ وجیز الصراط

Marfat.co

سے تبرعاً اسقاط کریں تو بھی ثواب ہے اور حکم کیا جاوے اوسکے جواز پر اسیواسطے امام محمد
رحمۃ اللہ علیہ نے وارث کے تبرع میں فرمایا یجزیہ ان شاء اللہ تعالیٰ کما فی کتب الفقہ اور شیخ محقق
محمد عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات ترجمہ مشکوٰۃ کتاب الصوم کے باب القضاء میں فرماتے
ہیں دیکھو مطبوعہ نولکشور ص۱۰۲ جلد ۲ کسیکہ مُرد و بروے صوم واجب بود جمہور علما بر آنند کہ
جائز است و متعین است اطعام کہ آنرا فدیہ گویند و باین قائل شدہ امام ابوحنیفہ و مالک و شافعی
و اصح قولین نزد اکثر اصحاب وے پس نزد ما اگر وصیت کند میت پس گرفتہ شود از ثلث مال و نزد
شافعی کند یا نکند پس گرفتہ شود از کل مال یعنے نزدیک شافعی در حقوق عباد در باب دین ہیچ فرق نیست بخلاف مذہب علما اور اسی مظاہر حق
شرح مشکوٰۃ کے ص۱۸۰ و ۱۸۱ میں لکھتے ہیں من مات وعلیہ صوم صام عنہ ولیہ متفق علیہ روایت
ہے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص مرے اور
اوسپر ہو روزہ تو روزہ رکھے یعنے فدیہ دے اوسکی طرف سے وارث اوسکا ف دیکھو مؤلف نے
روزہ کے معنے فدیہ موافق دوسری حدیث کے کیے ہیں جو فصل ثالث کے شروع میں ہے۔ عن
نَافِعٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عليه وسلم قال من مات وعليه صيام شهر رمضان فليطعم
عنه مكان كل يوم مسكين رواه الترمذي وقال والصحيح انه موقوف على ابن
عمر روایت ہے نافع سے کہ نقل کی اوس نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اوسنے نقل کی رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا کہ جو شخص مرے اور اوسپر روزے ہوں مہینہ رمضان کے پس
چاہیے کہ کھانا کھلاوے اوسکی طرف سے بدلے ہر روزہ کے ایک مسکین کو اور نقل کی یہ حدیث ترمذی
نے اور کہا صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما پر یعنے یہ قول ہے ابن عمر
کا ف بدلے ہر روزہ کے مسکین کو یعنے دو سیر گیہوں یا چار سیر جو یا قیمت انکی اوسکا صحیح حدیث
اول کی ہے اور مؤول تاویل کی گئی ہے ساقط اسکے جیسا کہ کہا گیا اور یہ موقوف ہے حکم مرفوع کے
ہے اور مانند اسکی نہیں کہا جا سکتا۔ مولوی نواب قطب الدین صاحب مؤلف مظاہر الحق نے فیصلہ
کر دیا کہ صام عنہ ولیہ یعنے میت کیطرف سے ولی اوسکا . . . . . .
فدیہ دیوے کیونکہ فدیہ قائم مقام روزہ کے ہے بحکم حدیث دیگر اسیواسطے جمہور کا یہی مذہب ٹھیرا
اور اسیکو بڑے بڑے مجتہدین و محدثین نے صحیح فرمایا چنانچہ وہابیہ کے مجتہد منجملہ جنکے ابن قیم و نواب
بھوپالی وحید الزمان صاحب تفسیر حقانی و حافظ لکھوی وغیرہم اور ایسا ہی مصنف تنویر مؤطا
امام مالک رحمۃ اللہ میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں دیکھو اوسکا ص۱۳۹ مطبوعہ فاروقی
دہلی باب ھل یصوم احد عن احد آیا روزہ رکھے کوئی عوض دیگر مالک انہ بلغہ ان عبد اللہ
بن عمر کان یسئل ھل یصوم احد عن احد ویصلی احد عن احد فقال لا یفعل

احدٌ عن احدٍ ولا یصوم احدٌ عن احدٍ عبد اللہ ابن عمر سوال کردہ میشد آیا روزہ گیرد کسے عوض
کسے میگفت نماز نگذارد کسے عوض کسے و روزہ ندارد کسے عوض کسے مترجم گوید ایں تعقب کردہ بحدیث
بخاری عن عائشۃ من مات وعلیہ صوم صام عنہ ولیہ، فقیر میگوید کہ ممکن است جمع درمیان
حدیث و اثرش میگویم کہ معنے قول ابن عمر لا یصوم احد الخ آنست کہ کسے عوض کسے روزہ ندارد در حال
حیات بآں معنے کہ مریض یا شیخ فانی غلام خود را یا پسر خود را فرماید کہ عوض او روزہ بگیرد تا بار صوم از
وی سبک گرداند بخلاف حج کہ در حال ضرورت کسے عوض دیگر حج را بجا میتواں آورد واللہ اعلم اور
اسی صفحہ میں فرماتے ہیں کہ انس بن مالک توانائی برداشت روزہ گرفتن پس فدیہ میداد قال مالک ولا ادری
ذالک واجبا واحب الی ان یفعلوا ان کان قویا علیہ فمن اقتدی فانما یطعم مکان کل
یوم مدا بمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گفت مالک نمی بینم ایں طعام را واجب و دوست
تر است نزدیک من آنکہ بکند آنرا یعنے اطعام را اگر باشد قادر بروے پس کسیکہ فدیہ دہد غیر ازیں نیست
کہ طعام دہد بجائے ہر روزہ یک مد را بمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مترجم گوید کہ در حکم شیخ کبیر السن
است کسیکہ ضعف دارد یا جبلی یا عارضی کہ شفا ازاں متوقع نیست و قوت ہر صوم بآں خلف نمیدارد
و آیا ایں فدیہ بر سبیل وجوب است یا بر سبیل استحباب شافعی را دریں مسئلہ دو قول بہم آمدہ اظہر آن
است کہ بر سبیل وجوب است زیرا کہ عوض قضا است و بقیاس اطعام از مردہ و اگر کسے اطعام نتواند یا از
ذمہ او مطلقاً ساقط میشود یا نیافتن قدرت ظاہر اول است مانند صدقۃ الفطر اور مشکوۃ باب القضا
میں حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا کے حاشیہ پر فرمایا حضرت عبد الحق محدث دہلوی مرحوم نے قولہ صام عنہ
ولیہ اخذ قوم بظاہر الحدیث فاجازوا ان یصوم عنہ ولیہ وبہ قال احمد وھو احد قولی الشافعی
وصححہ نووی وقال بعض الشافعیۃ یخیر بین الصوم والافطار وذھب الجمہور الی انہ
لا یصوم عنہ وبہ قال ابو حنیفۃ ومالک والشافعی فی اصح قولیہ عند اصحابہ واولوا
الحدیث بان المراد اطعام ولی عنہ وتکفیرہ عنہ فعندنا ان اوصی فیؤخذ من الثلث
وعند الشافعی اوصی او لم اوصی فیؤخذ من کل مالہ حاشیہ مشکوۃ ص۱۷۰ مطبوعہ
گلزار محمدی لاہور اور بخاری جلد اول باب وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ اسکے حاشیے میں فرماتے ہیں
وھذا حدیث صریح علی جواز الصوم عن الغیر والجمہور علی خلافہ ولذالک اولہ بعضھم
بحملہ علی معنے انہ یتدارک ذلک ولیہ بان الاطعام فکانہ صام۔ حاشیہ سندھی علی البخاری
ص۲۳ مطبوعہ مصر اور عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری جلد پنجم ص۲۸۴ میں فرماتے ہیں بعد
ذکر کرنے مذہب جمہور کے قال الطحاوی حدثنا روح ابن الفرج حدثنا یوسف بن عدی حدثنا
عبد اللہ بن حمید عن عبد العزیز بن رضیع عن عمرۃ بنت عبد الرحمن قلت لعائشۃ

مسئلہ اگر بیت صدقہ واسقاط کی وصیت نہ کی ہو تو اولیاء کی طرف سے اسقاط و صدقات مستحب ہیں لقولہ علیہ الصلوۃ والسلام عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان سعد ابن عبادۃ سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان امی ماتت افاتصدق عنہا قال نعم رواہ النسائی حضرت سعد نے حضرت سے عرض کی کہ میری ماں فوت ہو گئی ہے اور اس نے کوئی وصیت نہیں کی میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو فرمایا ہاں روایت کیا اسکو نسائی نے ۱۲

إِنَّ أُمِّي تُوُفِّيَتْ وَعَلَيْهِ صِيَامُ رَمَضَانَ أَيُصَلِّي أَنْ يَقْضِيَ عَنْهَا فَقَالَتْ لَا وَلَكِنْ
تَصَدَّقِي مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ عَلَى مِسْكِينٍ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِكِ وهذا سند صحيح
وقد اجمعوا على انه لا يصلي احد عن احد فكذلك لان كل منهما عبادة بدنية
وقال ابن القصار لما لم يجز الصوم عن الشيخ الهرم في حياته فكذا بعد مماته
ما اختلف فيه الى ما اجمع عليه وحكى ايضا ابن قصار في شرح البخاري عن المهلب
قال لو جاز ان يصوم احد عن احد في الصوم جاز ان يصلي الشافعي عن ابيه
سائغا يجاز ان يؤمن رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عمه ابي طالب لجزيه
على ايمانه وقد اجتمعت الامة انه لا يؤمن احد عن احد فوجب ان يكون
ما اختلف فيه الى ما اجمع عليه پھر اسی میں بعض نے اوروں کے جواب فرماتے ہیں جنہوں
نے خیال کیا کہ قول صحابی قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں اجتہادی ہے
تردید میں فرمایا قلت الاحتمال الذی ذکر باطل لانہ لا یلیق بحال من یراہ الصحابی ان
یخالف ما رواہ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاجل اجتہادہ وما یراہ الصحابی
ان یجتہد بمناط النص بخلافہ لانہ مصادمۃ للنص وذا لا یقال فی حق الصحابی
فتواہ بخلاف ما رواہ ان یکون لظہور نسخہ عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری
اسکا یہ ہے کہ امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح سناد سے ام المومنین عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ
تعالے عنہا سے روایت کی ہے کہ عمرہ بنت عبد الرحمان نے دریافت کیا کہ میری ماں
ہوگئی ہے حالانکہ اوسپر روزے رمضان کے تھے کیا اگر میں اوسکیطرف سے روزے
تو کیا یہ امر صلاحیت رکھتا ہے تو ام المومنین نے فرمایا نہیں لیکن صدقہ
عوض ہر دن کے ایک مسکین کو یہ بہتر ہے روزوں سے اچھا ہے
اور سند اس حدیث کی صحیح ہے اور علما کا اجماع ہے اس امر پر کہ کوئی کسی طرف سے
پڑھے اسیطرح روزے میں اسلئے کہ یہ سب عبادت بدنی ہے
بوڑھے یعنے شیخ فانی کیطرف سے اوسکی زندگی میں جائز نہیں
ہوا پس جو اس مسئلہ میں اختلاف کیا گیا ہے وہ لوٹایا جاوے طرف اوسکی جو اجماع ہے
علماء کا اور حکایت کی ابن قصار نے شرح بخاری میں مہلب سے کہ کہا اوسنے اگر جائز
ہے کسیکو روزہ رکھنا جائز ہوتا تو نماز بھی کسیکی طرف سے پڑھنی جائز ہوتی
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے چچا ابو طالب کے ایمان
ایمان پر ایسا نہ کیا اور تمام امت کا اجماع ہے کہ کوئی کسیکی طرف سے ایمان

Marfat.com

ضرور ہوا ادا کرنا مختلف فیہ چیز کا طرف ما اجمع علیہ کی اے قولہ میں کہتا ہوں کہ وہ احتمال جو معترض نے
حضرت ابن عمر پر کیا ہے وہ باطل اور جھوٹ ہے۔ اسلیئے کہ نہیں لائق جلیل القدر صحابی کی شان میں
یہ عقیدہ کہ اوسنے مخالفت کی ہے اوسحدیث کی جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اپنے اجتہاد
سے حاشا وکلا ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اوسنے اجتہاد کیا نص کی موجودگی میں بخلاف نص اسلیئے
کہ وہ نص کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے پھر ایسا صحابی کے حق میں نہیں کہا جا سکتا اور فتوے اونکا برخلاف
حدیث مذکور کے اوسکی منسوخیت پر دال ظاہر ہوگا نزدیک اونکے یہ خلاصہ ہے عبارت عمدۃ القاری
شرح بخاری کا اف پس جب صحابی پر ایسی بدظنی کہ حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالفت
کرتا ہے تو احادیث کے وہی راوی ہیں پھر کیسے اعتماد ہو سکتا ہے کہ حدیثیں سب حضور کی ہیں
احتمال ہو سکتا ہے کہ راوی نے اپنی طرف سے بات بنا کر اونکے ذمے لگا دی نعوذ باللہ من ذلک
یہہ بڑا عقیدہ چکڑالیونکا ہے اور لیجیئے کہ وہابیہ دیوبندیہ کے امام چودھری اسمٰعیل دہلوی
(مقتول) مولف تقویۃ الایمان اپنی کتاب نور العینین میں لکھتا ہے قول الصحابی لیس
بحجۃ کہ قول صحابی کا دلیل شرعی نہیں۔ یہہ نسائی کا قولہ مخالف ہے حدیث اصحابی کالنجوم
بایھم اقتدیتم کے دیکھو وہابیوں کے گرو گھنٹال نے ایک دفتر ہی احادیث کا اور اولیا محدثین
تو تابعین کے قول کو بھی حجت مانتے ہیں اور یہہ ایسے جلیل القدر صحابیوں سے بیزار ہے اور
نفس پرستی کا اسقدر غلبہ کہ خود بدولت وضعی احادیث کو فضائل اعمال میں مقبول تحریر فرماتے
ہیں۔ اپنے رسالہ اصول فقہ میں جو فقیر کے پاس موجود ہے جسکا دل چاہے دیکھ لیوے حالانکہ
محدثین کے نزدیک ضعیف حدیث فضائل اعمال میں مقبول ہے نہ وضعی نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات
حالانکہ حضرت عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ عنہا خود عمرہ بنت عبد الرحمان کیطرف سے روزہ نہ رکھنے
کی حدیث روایت کرتی ہیں کہ میت کیطرف سے صدقہ اور فدیہ بہتر ہے۔ جیسے روایت ہے طحاوی
سے اور محمد انصاری سے عنقریب گذرا۔ اور روزوں اور نمازوں اور دیگر حقوق الٰہیہ فوت شدہ
کے عوض میں میت کیطرف سے فدیہ دینا حافظ محمد لکھوی پنجابی وہابی نے بھی مان لیا ہے۔
چنانچہ اپنی تفسیر محمدی منزل اول کے صفحہ ۱۴۵ میں لکھتا ہے۔

ابن عباس قراءت ہوروں معنے اس تکلیفاں — یعنے فرض جنہاں پر روزے قوت ہیں ضعیفاں
جیونکر بڈھا ہلور آزاری بچن امید نہ جنہاں — انہاں روزہ فرض نہ رکھن طاقت فدیہ دیوے
استھیں دوویں حکم ایہ باقی ناہ منسوخ ایہائی — ایہہ وچہ تفسیر معالم بغوی لکھیا نال صفائی

اور ایسا ہی تفسیر ابن جریر ابن کثیر کبیر و سراج المنیر و معالم و خازن و ابو سعود و مدارک و جلالین
و در منثور و روح المعانی و روح البیان و احمدی و مظہری و حسینی و روفی و بنوی و محمدی و

لہ اصحابی

خلاصہ حقانی و تفسیر وحیدی و کتاب اعلام الموقعین و شرح در بہیہ تصنیفات ابن حجر عسقلانی و ابن حجر مکی ہیثمی و علی قاری و شیخ عبدالحق و عمدۃ القاری شرح بخاری و حاشیہ سندی و موطا امام مالک مع مصفے شرح موطا شاہ ولی اللہ دہلوی و نواب قطب الدین و سید امیر علی صاحب مؤلف تفسیر مواہب الرحمان علاوہ انکے اور بے شمار محققین بھی ثابت کر رہے ہیں بلکہ صریح نص قرآنی و احادیث نبی رحمانی صلے اللہ علیہ وسلم اسکے مؤید ہیں۔ اب فدیہ میت یعنے اسقاط کا طریقہ بھی وہی حافظ محمد لکھوی دہلی مؤلف تفسیر محمدی اپنی کتاب انواع بارک اللہ میں صاف صاف قرآن مجید کو ادہر اُدہر پھیرنا جائز لکھتا ہے دیکھو۔

نماز روزہ کوئی کرے وصیت جو سر اپر قضا
تریجے حصے ترکے وچوں فدیہ واجب آہ
ہر ہر فرض تے وتراں بدلے ادہ ادہ ٹوپا دیئی
ادہ ٹوپہ ہر روزے بدلے دیوے واجب ہئی

حاشیہ پر لکھتا ہے کہ یہی مذہب ہے جمہور علماء کا جیسے حدیث عبداللہ بن عمر و عمرہ بنت عبدالرحمان وغیرہما سے ثابت ہو چکا۔ اب وہ حیلہ بیان کرتا ہے دیکھو انواع بارک اللہ ص۲۶۶

جیکر ترکہ کجھ نچھوڑے حیلہ ایہ تدبیر اں
وارث قرض لوے تن ٹوپے دیوے ہتھ فقیراں
اکدینہ دا ایہ فدیہ ہویا استھیں وقت بخشاوے
خیر دیوے تے وت بخشاوے سبہ حساب پو جاوے
جے بہت نمازاں فدیہ دیوے کمس فقیر روا
قسم ظہار افطار کفارت دیون کہس نہ آہ
جے ہک پڑ دی ہک نوں دیوے دوجے ہور دس دو
ایہ فدیے وچہ جائز ناہیں ٹکٹ کے کو
پیر فانی جو روزیوں عاجز فدیہ دیون آیا
وچہ رمضان یا اول آخر ہر ہر وچہ روا ایا
وچہ حیاتی واجب ناہیں فدیہ دین نماز
وقت مرنے کرے وصیت وارث دین نماز

اب وہی امام وہابیہ پنجاب حیلہ اسقاط قرآنی بیان کرتا ہے اب متفرقات میں ص۲۶۶ ملاحظہ ہو

جس قضا نمازاں روزے سر تے فرض وصیت آہ
استحباب وصیت کرنی ہے سر ناہ قضا
تریجے حصے ترکے وچوں وارث فدیہ دین
جمن کنوں سال عمر دے سبہ حساب کریں
باراں سال نابالغ مرداں کڈہ حساباں لیوں
عمر زناں نوں سال گھٹاون باقی فدیہ دیون
ہر نماز تے روزے بدلے کنک ادہ ٹوپا آئی
جیونکر ہاب قضایاں دے وچہ سبہ حساب تھیائی
جے بہت قضایاں تھوڑا ترکہ حیلہ روا بناون
سبہ فدیئے دی کنک جو آوے قیمت کل بناون
قیمت کرن دے پیسے کنکوں چیزاں لون پھیر کرنی
یا مصحف قیمت نال معین دیون بہر خدائی
پھر مسکین دلی نوں بخشے دلی دیوے استانیں
مڑ مڑ دیوے موڑے ایویں قیمت کل ہو جائیں
ایہ حیلہ وقت ضرورت ہے جس ترکہ ہووے تھوڑا
جے ترکہ بہت تا گندم دیوں ثلثوں گھٹ نہ ہووے

ص۲۶۶ و ص۲۶۶ باب متفرقات مطبع وسیم پریس لاہور

Marfat.com

جیکر بعد اقامت صحت دیون ناہ قضائی
جے تھوڑے دینہ اس صحت پائی یا اوہ رہیا مقیم
یا بجہ وصیت وارث لئے فدیہ فرض نجان
جے میت بدلے روزہ رکھے وارث ناہ روا

جے پھر مرن تا فرض وصیت فدیہ دیون بھائی
جے پھر مرے تا اتنیاں روزاں فدیہ فرض قدیم
جے یا بجہ وصیت وارث دیون جائز ہے احسان
ایویں قضا نمازاں اندر حنفی مذہب آہ

حاشیہ پر حنفی مذہب کو مؤید بحدیث کرکے مذہب جمہور کا قرار دیا مثل تمام علماء کے اور اسقاط قرآنی کا حیلہ قبول کیا گویا اپنے کنبے وہابیہ کی ناک کاٹ ڈالی اب مولوی عبد الستار صاحب مؤلف قصص المحسنین وہابی چیلہ لکھوی کی سنیئے کہ وہ بھی حیلہ اسقاط قرآنی کو کیسے پایہ ثبوت کو پہونچاتا ہے۔ رسالہ مجموعہ اشعار میں ملاحظہ ہو۔

لا تقنطوا دی حرص دے اندر پکڑو سیلہ آئے
جتنے سال حیاتی آس میت دے ہوئے
استھیں پچھے جو کجھ استھیں ہوئی سہ خطائی
ہور حق اوستاداں ماں پیوں فرزنداں خویش ہمسائے
کجھ ادا ہوئوس کجھ ناہیں کرچکا جو کرناں
جاں میعاد عمر اپنی دی ایس ملائی ہوئی
جنہاں کارن حرصاں کارن تیرا امر بھولایا
جو حرص اوٹھا کے مال کما کے چھڈیا میاں تنہاں
اس ناہ توفیق جو ادا کرے جو حکم شرع فرماوے
اسدا باغ حیاتی والا وقت اجل کرناں
ہن خاص سوالی متھوں خالی تیں دل آں کھلوایا
جو خدا کی اصل اساڈا اخا کی بہلن کار اساڈی
ہن ایس مسافر تائیں آئی پہلی رات سفر وچہ
اس عاجز لئے فضل کریں ہاں حجاب اٹھائیں
[illegible]
[illegible]

اس عاجز دے حق بخشش کارن دعیں ہتھ اوٹھائی
بلوغ تلک معافی اندر پیغمبر فرمائے
بخش لئیں توں اسدے تائیں یا رحمان عطائی
ہور تمام حقوق شریعت جو کہنے وچہ آئے
یا بجوں رحمت فضل الٰہی مشکل حاصل بہرناں
ہن اسدا اس گھر دے اندر دعوے رہیا نکوئی
اوہ مال اوپر سبہ وارث ہوئے خالی تھیں دل آیا
اوس کل حساب پیا گل اسدی ساتھی کوئی نہ بنیاں
اس ناہ توفیق جو ایس خطا تھیں توبہ دے در آوے
ترکہ خرچ مسافر کیتا جلدی نال چلاناں
ہن نظر کرمدی اسپر ہووے جو ہونا سو ہویا
بہی بخشش نظر کرم دی کولوں رحمت نہیں دوراڈی
ہن اسدا کوئی تیرے یا بجوں حامی نہیں قبر وچہ
بھی روشن اسدی قبر کریں ملکین جواب سکھائیں
نگراں رحمت فضل تیرے تھیں آس کرمدی مرنوں
کر کرم سنے اسپر رحم کریں تیں شرم رسول اللہ دی
کر لطف انعام کلام داؤد ڈاہیہ وسیلہ

پس میت محتاج کے لئے یہ حیلہ بہت بہتر ہے کیونکہ کوئی چیز نہیں جو قرآن مجید میں نہ ہو تو گویا قرآن مجید میت کیطرف سے بخشنا عمدہ وسیلہ ہے جسکو وہابیوں کے مولویوں نے بھی ثابت کر دکھایا

چنانچہ اسکا اصل اور ثبوت امام محمد رحمت اللہ علیہ سے بھی ہے۔ چنانچہ آپ پر فقر اور محتاجی کا غلبہ تھا۔ تو ایک دن آپ ایک عطار کی دکان پر تشریف لیگئے اور اوسے فرمایا کہ اگر تو مجھے شربت دیوے تو میں تجکو دو مسئلے فقہ کے سکھا دونگا۔ عطار نے کہا مجھے مسئلوں کی حاجت نہیں شعر

قیمت دُرِ گراں مایہ چہ دانند عوام حافظا گوہر دانندہ جز بخواص

یعنی موتی بڑی قیمتی چیز ہے عوام اسکی قدر کیا جانیں اے حافظ تو خاص لوگوں کے کیکو وہ گوہر گرانمایہ نہ دیدہ۔ پس اتفاقاً اوسی عطار نے ایک دن قسم کھائی کہ اگر میں اپنی دختر کو سب چیز جو کچھ عالم میں ہے جہیز یعنے داج میں نہ دوں تو میری زوجہ پر تین طلاق پھر اوسنے سوچا اور علماء سے فتوے لینے کو نکلا سب نے کہا کہ تیری اس قسم کا تدارک نہیں ہوسکتا تو حانث ہوگا اور پھر اوسنے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کیطرف رجوع کیا تو امام مذکور نے فرمایا کہ مینے اوسدن تیرے سے شربت مانگا تھا کہ تجھکو دو مسئلے فقہ کے سکھا دونگا پس ایک یہی مسئلہ تھا اور ایک دوسرا پس اب میں نہیں سکھاتا جبتک کہ ہزار دینار نہ دیوے واسطے عزت مسئلہ دینی کے پس ہزار دینار عطار نے آپکے حوالہ کیئے تو آپنے فرمایا اگر تو اپنی لڑکی کو قرآن مجید جہیز میں دیدے تو اپنی قسم سے تو حانث نہیں ہوتا۔ تو علماء زمانہ نے سنکر اسکی وجہ پوچھی تو آپنے فرمایا کہ جواب اسکا قرآن مجید میں موجود ہے۔ قولہ تعالیٰ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ تو یہ سنکر سب خاموش ہوگئے چنانچہ اصل عبارت عربی حسب ذیل ہے۔ تفسیر وجیز فضائل آیۃ الکرسی ص۲۰۲ سے صاحب سیف المقلدین ص۲۰۲ اور مولوی امام الدین نے اپنے رسالہ نصرۃ الحق میں تحریر فرماتے ہیں حکی اَنَّ الْاِمَامَ محمد رحمۃ اللہ علیہ غلب علیہ الفقر مرۃ فجاء الی تفاعی عطار یوماً فقال ان اعطیتنی شربۃ اعلمک مسئلتین من الفقہ فقال التفاعی لاحاجۃ لی الی المسئلۃ شعر قیمت دُرِ گرانمایہ چہ دانند عوام ؛ حافظا گوہر دانندہ جز بخواص فاتفق انہ حلف ان لم یعط بنتہ جمیع ما فی الارض من الجہازۃ فامرأتہ طالق ثلثا فرجع الی العلماء فافتوا الحنث لما انہ لا یمکن ذالک فجاء الی الامام محمد فقال الامام لما طلبت منک شربۃ لان فی عزیمتی ان اعلمک ھذہ المسئلۃ ومسئلۃ الاخری فالان لا اعلمہا الا بعد اخذ الف دینار لتعظیما لشان المسئلۃ فرجعہ الیہ فقال لو دفعت الی البنت مصحفا کنت بارا فی یمینک فسئل علماء عصرہ عن وجہہ فاجاب بان اللہ تعالیٰ قال لا رطب ولا یابس الا فی کتب مبین فوقع الجواب فی حیز القبول ترجمہ عبارت مذکورہ کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ اور باران انوار کے دفتر دوم کے ص۱۳۶ میں مولینا مولوی عبد اللہ مرحوم لاہوری مع حاشیہ حافظ محمد لکھنوی ملاحظہ ہو۔

اسقاط کرے ایہ خبر خزانی استھیں پچھے جا ست دیہاں من ست وچوں سیر گھٹا

حاشیہ حافظ محمد بدانکہ اسقاط نماز روزہ میت کہ فوت شدہ باشد اگر میت وصیت کردہ و ترکہ گذاشتہ
ست بر وارثان او واجب است از سوم حصہ مال او و اگر وصیت نکردہ باشد مستحب است بعوض ہر نماز
فرض و وتر و ہر روزہ واجب نیم صاع گندم یا یک صاع از جو بدہد پس اگر نماز و روزہ بر سر میت سالہائے
عمر او حساب کنند و دوازدہ سال نابالغی ازاں سالہا بیروں کنند باقی را بر ارند برائے فدیہ ہر نماز
و روزہ ہر سالے یک صد و چہل و ہفت من و سی و سہ سیر بوزن شاہجہانی گندم بدہند کہ ہر من چہل
سیر باشد بحساب پیمانہ شرعی کہ مؤید پیمانہ وطن ما کہ علاقہ فیروزپور پنجاب است شصت و ہشت پیمانہ
مے شود بمعہ روزہائے رمضان و صدقہ فطر و من شانزدہ پیمانہ باشد و اگر خواہد مجموعہ گندم را قیمت
نمودہ روپیہ ہا سازد روپیہ بفقراء قسمت کنند و اگر جملہ قیمت دادن نتواند پس ہر قدرے کہ تواند
بفقیرے دہد و باز فقیر او را بہ بخشد و حیلہ مثل ایں بوقت ضرورت در شریعت جائز است و اگر خواہد
بقیمت روپیہ ہا مصحف بفقیر بدہد و باز ستاند و بقیاس مذکور تکرار نماید کہ از حساب فارغ
نشود واللہ تعالیٰ اعلم اور اسی اول کے باب کفارت سوگند ص ۳۲ و ۳۳ کے حاشیہ
پر لکھتا ہے پیر فانی اور مردے کی اسقاط کی تائید میں چنانکہ در عالمگیری و قاضیخاں و شرح وقایہ
و مانند آں مسطور است اور اسکی دلیل فتح القدیر جلد ۲ مطبوعہ مصر کے ص ۲۷۷ میں یوں
تحریر فرماتے ہیں ولنا ما روي عطاء انه سمع ابن عباس رضي الله عنهما يقرء وعلى الذين
يطيقونه فدية طعام مسكين قال ابن عباس رضي الله عنهما ليس بمنسوخة وهو الشيخ
الكبير والمرأة الكبيرة لا يستطيعان الصوم وروى عمر وغيرهم من الصحابة رضي الله تعالى
عنهم ولم يروى عن احد منهم خلاف ذلك فكان اجماعا یعنے کہا ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ
نے فتح القدیر میں کہ ہمارے لیئے وہ دلیل ہے جو روایت کی عطاء نے کہ سنا اوسنے ابن عباس
رضی اللہ عنہما سے کہ پڑھتے تھے وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ اور فرمایا کہ یہ
آیت منسوخ نہیں ہے اور وہ شیخ فانی اور بوڑھی عورت کے حق میں ہے کہ دو نو طاقت نہیں
رکھتے ہر دن ایک مسکین کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور وہ مروی ہے علی ابن ابیطالب و ابن
عباس و ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اور انکے درمیان میں کسی نے خلاف اسکے روایت نہیں کی
اور صورت اسقاط کی اوپر بیان ہو چکی اور مردہ کیطرف سے نماز روزے کا فدیہ و اسقاط میں احادیث
اور کتب فقہ میں دلائل موجود ہیں بلکہ اجماع صحابہ و علماء اہلسنت اسپر دال ہے پھر اگر منکرین جھک ماریں
تو یہ لاعلاج بیماری ہے معلوم ہوتا ہے کہ شرذمہ قلیلون نہ خدائے تعالیٰ کی رحمت و بخشش کے امیدوار
نہ اوسکی قدرت کے قائل حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ
لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا یعنے اے میرے بندو جنہوں نے ظلم کیا

میت کو جب نہلاتے ہیں تو روح اوسکے پاس ہوتی ہے یہ کلمہ والی دیکھتی ہے اور جب میت کو لوگ دفن سے فارغ ہو کر واپس ہوتے ہیں تو میت اوسکی جوتیوں کی آواز سنتی ہے۔ کذا فی الشکوٰۃ

مکان کل یوم مسکین و اوخذی و ہو مرزق من کل ما ہو آتی یعطاہ ابن عباس رضی اللہ عنہم

اپنی جانوں پر ناامید نہ ہووین خدا تعالےٰ کی رحمت سے البتہ اللہ تعالےٰ بخش دیتا ہے گناہ سارے۔ بہرحال یہ لوگ اوسکی رحمت اور بخشش پر ایمان نہیں لاتے اور یہ بھی نہیں مانتے کہ تھوڑی چیز کو بہت کر دیتا ہے بلکہ ایک سے سات سو بلکہ اوس سے بھی کہیں دور تک بقولہ تعالیٰ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ترجمہ پہلے گزر چکا ہے نیز وَيَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ بیاج کو مٹاتا ہے۔ تفسیر رؤفی میں لکھا ہے کہ عالم فقیہ کو ایک روپیہ دینے سے نو لاکھ کا ثواب حاصل ہوتا ہے مگر یہ فرقہ مجہول قرآن وحدیث سے بے بہرہ ہے۔ لہذا افزونی صدقات نہیں مانتے فقط مدعی ہیں ورنہ یہ اعتراض نہ کیا ہوتا۔ اور حیلہ مذکورہ سے اگر خدا تعالےٰ میت کو پاک کر دیوے تو کیا وہ قادر نہیں۔ رحمت اور بخشش اوسکی عام نہیں اور وہ واسع اور علیم نہیں۔ قرآن مجید تو ایک بڑی سے بہا چیز ہے۔ جسمیں سب چیزونکا احاطہ ہے۔ خدا تعالےٰ منکرین کو ہدایت کرے۔ تو کہ اموات کے ساتھ دشمنی سے باز آویں۔ رسالہ اسقاط مولفہ مولوی محمد اکبر صاحب خلف مولانا مولوی محمد مقیم صاحب بصیر پوری کی حدیث پر تحریر فرماتے ہیں۔ یہ جو فی زماننا وارث میت قرآن مجید لیکر عالم کو دیتا ہے یہ قرآن میتے تجھکو واسطے اسقاط نماز روزہ اور کفارہ وغیرہا میت کے بخشا آپ اسقاط کریں پس عالم کہتا ہے یا الٰہی میتے قرآن مجید بعوض نماز روزہ وکفارہ وغیرہا حقوق اللہ کے جو ذمہ اس میت کے تھے اور اس نے اون کو ادا نہیں کیا اور اب یہ میت ان کے ادا کرنے سے عاجز ہے اسکے فدیہ میں قرآن مجید میں دیتا ہوں۔ تو قبول کر اپنے فضل وکرم سے اس میت کو بخشدے پس وہ عالم ایک شخص کے ملک کرتا ہے وہ قبول کرکے دوسرے کے ملک کر دیتا ہے۔ پس وہ تیسرے کے ملک کر دیتا ہے ہکذا دس بیس شخصوں سے پھر کر یہ عالم کے پہنچتا ہے اور کل باوضو ہوتے ہیں آیا یہ جائز ہے یا نہیں۔ ج سابقا احادیث وکتب معتبرہ سے ثابت ہوا کہ اجنبی اور ولی تبرع میں یکساں ہیں اور منحۃ الخالق سے گذرا کوئی شے جو قیمت اوس شے کی اوتنی ہو اور قرآن مجید شے ہے پس دینا قرآن شریف کا عوض اسقاط کے جائز ہے۔ پس عالم یا وارث نے جیسا قرآن مجید زید کو بخشا تو زید مالک ہوا قرآن کا اور مالک جو چاہے وہی تصرف کرے اپنے ملک میں خواہ اپنے پاس رکھے یا کسیکو دیوے کما فی در المختار وغیرہ خواہ وہ عالم یا وارث کو دیوے خواہ زید عمر کو دیوے بہ قصد اسقاط ذنوب میت کما فی طحطاوی وغیرہ پس صورت اول میں نقصان میت وحاضرین کا ہے۔ اور اتباع ہوا اور کثرت حرص اور صورت ثانیہ میں زید کا پھیر دینا وارث یا عالم کو بدون قصد اسقاط کے لغو ہے۔ یا قصد سقط منجر الی التکلیف ہے اور صورت ثالثہ میں ہر دینے سے اسقاط بے تکلف ہے۔ اور ہر تبرع اور قصد کنندہ کو ثواب ہے اور میت کو فرحت وخوشی کثرت اخوان وکثرت معاونین کے ہے اور امید مغفرت ورحمت الٰہی ورضائی میت کی ہے اکثر الداعین والمستغفرین لہ فہکذا

Marfat.com

عمرو مالک اور جب اوسنے قرآن مجید واسطے اسقاط ذنوب میت کے بکر کو دیا تو عمرو کو دس قرآن کا
ثواب بموجب مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا کے حاصل ہوا اور میت کو بہت نہیں تو
ایک قرآن شریف کا ثواب ضرور ملا فہکذا ثم ہکذا جتنے حاضرین ہونگے اتنا ثواب بہت ہوگا
بلکہ ساٹھ سے زائد ہوں اور جتنے اشخاص زائد اتنا ثواب بہت اور۔ کہا مقاصد الفرائض میں
قاضی محمد سعید ملتانی نے کہ جمع کیا میں نے اس کتاب کو کتب معتبرہ متداولہ سے پھر کہا صاع
آٹھ رطل اور رطل نیم من کا اور حبہ دو جو کا اور ماشہ آٹھ حبہ کا قیراط پانچ جو کا درم پینتیس جو کا یعنے
چار ماسہ اور تین حبہ کا اور رطل ایکسو اٹھائیس درہم و آٹھ قیراط کا یعنے پانچسو ساٹھ ماشہ و دو نیم
ماشہ یعنے نو چھٹانک ایکسر ساہی ہو نیم ماسہ اور من ایک سیر انگریزی و دو چھٹانک دوسر ساہی
پنج ماسہ نیم صاع دو سیر پانچ چھٹانک ایک سر ساہی دس ماسہ صاع چار سیر پختہ گیارہ چھٹانک
پس آٹھ پہر کی چھ نماز بمعہ وتر کے چودہ سیر پختہ ایک چھٹانک گندم فدیہ ہے پس تیس دن کا
فدیہ نماز کا چار سو اکیس سیر چودہ چھٹانک ہوا۔ اور سال شمسی کا فدیہ نماز کا ایکسو اٹھائیس
من پختہ بارہ سیر تیرہ چھٹانک انگریزی فدیہ روزہ رمضان کا ستر سیر پانچ چھٹانک یعنے ایک
من تیس سیر پانچ چھٹانک ہوا۔ پس فدیہ تمام سال بمعہ صلوٰۃ وصیام ایک سو بیس من تین سیر
دو چھٹانک واللہ اعلم، پس اگر وصیت کرے تو ثلث ترکہ سے فدیہ حقوق اللہ کا ادا کریں۔
پس اگر ثلث کفایت نہ کرے تو قدر وافی ادا کریں اور باقی مافات من الفرائض والواجبات کے
واسطے حیلہ شرعیہ اسطرح کریں کہ قرآن شریف لیکر کہے کہ قیمت قرآن مجید کی مثلاً گندم جو فدیہ
بعوض نماز و روزہ تھا یکسال کا بذمہ متوفی ہذا لازم الادا تھا اور فی الحال عاجز ہے بطریق
غبن فاحش میں نے تمکو بخشا وہ قبول کرکے دوسرے کو اسطرح وہ تیسرے کو یہ اور شخص کو
بخشے تاکہ تمام مفروضات و واجبات میت کے ادا ہوں و اگر ترکہ ہرگز نہ ہو تو وارث نیم
صاع گندم قرض لیکر بدلہ ہر فرض و واجب میت کے مسکین کو بخشے پھر وہ مسکین بعض
وارثوں کو بخشے۔ وہ پھر مسکین کو اسیطرح کریں حتے کہ تمام فرائض و واجب ذمہ میت سے
ادا ہوں بفضلہ تعالے میت اس حیلہ سے بری الذمہ ہوگا۔ اور مولوی خدا بخش صاحب
ملتانی اسطرح فرماتے تھے اگر ترکہ نہ ہو تو تمام فرائض و واجبات بلوغ سے آخر عمر میت تک
کا غلہ جمع کرکے قیمت بنا کر وارث قرآن شریف لیکر بقیمت مذکور مسکین کے پاس بیچے اور قیمت
غلہ کی مسکین کو وارث بخشے بفضلہ تعالے میت عذاب سے رہا ہوگا۔ مجموعۃ الفتاوے میں ہے
اگر کوئی فوت ہو تو سات چیزیں جمع کریں۔ سونا چاندی۔ تانبا۔ کپڑے۔ غلہ۔ قند۔ قرآن مجید
پس وارث کہے یا اللہ تعالے فلان بن فلان نے فرض واجب سنت کو ترک کیا اور اب

بیت مثل ہے یعنے ڈوبنے والے کی طرح ہوتی ہے کہ ڈوبنے والا کوئی سہارا ہاتھ آجائے تو ڈوبنے سے بچ جائے۔ اسواسطے فوت شدہ کے عزیز دوست کے صدقات و خیرات خطوط و سرور ہوتے ہیں۔

اسکے قضا سے عاجز ہے اور جو مکروہ و حرام کرتا رہا اب اسکی توبہ سے عاجز ہے اور نادم ہے۔ اگر عمر اسکی اسی یا کم و بیش ہے۔ یہی سات روز پھر پھر کر آتے ہیں۔ یہ سات چیزیں بمقابلہ ان سات دنوں کے مینے بخشیں وہ دوسرا قبول کرے۔ خدا تعالےٰ اوس میت کو اول روز ہی گلزار جنت میں داخل کریگا اور خاک قبر اوسکی کی مشک و عنبر ہوگی۔ جواب منکر نکیر تلقین ہوگا اور قیامت کو زیر سایہ عرش ہوگا۔ و پلصراط سے سابقہ جماعت انبیا علیہم السلام کے گذرے گا۔ جو قرآن شریف خیرات کریگا۔ بعوض ہر سورت کے دس حور دس محل دس درخت میوہ دار دس نخلے جنت میں پائیگا۔ اور بعوض ہر آیت پیاسے کو حوض کوثر سے پانی پلائیگا تو بار قیامت کو شفاعت کریگا۔ اگر چھ قرآن مجید دینے کی فرصت نہیں رکھتا۔ تو ضرور ایک قرآن شریف لیکر واسطے حفظ ایمان اپنے کے فی سبیل اللہ دے کر چھ بار حیلہ کرے تاکہ چھ قرآن مجید ہو جاویں۔ جب یہ بندہ فوت ہوگا تو اللہ تعالےٰ فرمائیگا۔ اے میرے فرشتو تم ایمان اسکا دور مت کرو۔ مجھکو اس شخص کے بے ایمان کرنے سے حیا و شرم آتی ہے۔ کیونکہ اسکے ایمان کا حافظ قرآن مجید ہے الی قولہ اور نزدیک فقیر کے فدیہ قرآن مجید چند کس میں بہتر ہے۔ کیونکہ مثلاً قرآن تین روپیہ کی قیمت والا جب عالم نے زید کو بخشا تو بعوض تمام فرض و واجب کے یا بعوض بعض کے اون سے مثلاً فقط واسطے نماز کے دیا پس ہر دو صورت میں یا طریقہ غبن فاحش کا جاری کیا یا نہیں جاری کیا اگر نہیں کیا تو تین روپیہ ایکسال کے فدیہ کو بھی نہیں مساوی چہ جائیکہ تمام عمر کو کافی ہو اور اگر بطریق غبن فاحش دیا تو گو وہ حقوق ادا ہونگے جنکا نام لیا مگر میت تمام حقوق سے بری الذمہ نہوئی۔ بلکہ سابقہ مذکور ہوا کہ کفارت یمین میں دس مساکین اور کفارت ظہار و افطار میں ساٹھ مسکین ضرور ہوں تو لازم ہے کہ حاضرین ساٹھ سے زائد ہوں اور عملاً اسطرح کہے کہ جو تمام حقوق فرض و واجب اس میت کے ذمے ہیں اون کے عوض یہ سات چیزیں جو مذکور ہو چکیں بطریق غبن فاحش زید کو بخشے پس زید امر کو اوسی قصد پر عمرو بکر کو بکر خالد کو خالد ولید کو اسیطرح ساٹھ اشخاص سے زاید ایک دوسرے کو بخشیں تاکہ پھر عالم تک پہونچے اور ہر ایک لیتا جاوے تاکہ اوسکے قبضہ و ملک میں ہو اور اسمیں راز پنہاں ہے کہ بقدر یک صاع طعام اس قرآن شریف کے میت کیطرف سے کفارہ ظہار میں ملا اور بقدر اوسی کے کفارہ قسم میں ملا۔ اور باقی نماز و روزہ وغیرہ سے جو ما میت سے صادر ہوا۔ اور اگر میت پر بالفرض کفارت نہیں تو ہر ایک کو حاضرین میں سے دس قرآن شریف دینے کا ثواب ملا۔ اور جتنے حاضرین ہیں اتنے ہی قرآن شریف فی سبیل اللہ دینے کا ثواب میت کو ملا۔ پس جتنا دور زائد ہوتا ثواب بہت زاید ہوگا۔ واللہ اعلم (بعض اعتراض معترضین)

اعتراض اول قرآن مجید کی اوسر دوہرتہ دیر یعنے پھیرنا کسی کتاب معتبر میں پایا نہیں گیا۔ جواب

لہ چھ قرآن مجید کے بجائے ایک دوسرے کے ہاتھوں میں دے دینے والی

Marfat.com

منحۃ الخالق حاشیہ بحر الرائق معتبر ہے اوسمیں لفظ یا کوئی شے جو قیمت اوسکی اوتنی ہو گذرا اور کتاب مقاصد الفرائض و دلائل الایمان (معروف بدلیل الایمان) اور جامع المتفرقات کے نقول اگر آپ نہیں مانتے تو عدم تدویر قرآن شریف کی سند آپ ہی کسی کتاب معتبر سے پیش کریں اور ترجیح بلا مرجح کا بھی خیال رکھیں ف کاتب الحروف کہتا ہے کہ جس چیز میں صحیح طور سے ممانعت نہ پائی جائے اون سب میں اباحت ہے لقولہ تعالیٰ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا سورہ بقرہ شریف پارہ ۱ اور اگر کہیں کہ یہ عمل حضور نبوی صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم میں نہیں ہوا لہذا یہ بدعت ہے اور حدیث میں ہے کہ ہر بدعت ضلالت ہے اور ہر ضلالت دوزخ میں ہے۔ جواب یہ ہے کہ یہ بدعت سیئہ نہیں بلکہ بدعت حسنہ ہے ورنہ نماز تراویح میں رکعت بجماعت سارا رمضان حضور علیہ السلام نے نہیں پڑھی۔ اور نہ حضور کے وقت قرآن مجید جمع ہوا۔ بلکہ زمانہ خلفائے راشدین میں ہوا اور اعراب و مدات و شدات وغیرہا حجاج بن یوسف کے زمانہ میں وقوع میں آئے اور تدوین کتب احادیث تبع تابعین کے زمانہ میں ہوا۔ پس امور مذکور بدعت ہوئے۔ اور بدعت ہر نئے کام کو کہتے ہیں لقولہ تعالیٰ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ سورہ احقاف اور بدعت حسنہ بعض واجب ہیں اور بعض مستحب بعض مباح جنکی تصریح تفسیر نبوی منظوم پنجابی کی جلد ششم میں موجود ہے اور اسکی خوبی پر حدیث مسلم قولہ علیہ السلام تقدموا الموتاکم قبل الدفن لیکون ذالک فدیۃ ینجیہ من ایدی الملئکۃ العذاب جو ہر ہر پایہ میت کے ہمراہ دس دس قدم چلے تو اسکے چالیس گناہ کبیرہ بخشے جاتے ہیں اور حدیث مشکوٰۃ کی شاہد ہے۔ مفہوم جسکا یہ کہ جسنے نیک بات نکالی اوسکو اوسکا ثواب اور جسقدر لوگ اوسپر عمل کرینگے اور اموات کے لیے نہایت سودمند بلکہ زندوں کو بھی مفید۔ پھر بوقت خرید فروخت بائع و مشتری و بوقت تدریس طلاب تدویر قرآنی پر تو آجتک کسی نے اعتراض نہیں کیا گو کسی مذہب کا ہو یہ محض اموات اور علماء سے عداوت ہے خدا تعالے مانعین کو ہدایت فرماوے۔ اور مناع للخیر نہ بنیں یعنے نیکی سے روکنے والے۔

دوسرا اعتراض کہ اسقاط کے وقت حلقہ کرکے بیٹھنا جواب اسکا یہ ہے کہ حلقہ وار بیٹھنا چند احادیث سے ثابت ہے اور حرمین شریفین میں ذاکرین کا حلقہ ہوتا رہا گو اب وہابیہ نہ کرنے دیں۔ تو اونکی شقاوت ہے اور بوقت وعظ و نصیحت و مجالس علما و طلبا و بوقت اطعام پھر بوقت اسقاط تدویر کونسا مانع شرعی ہے۔ تیسرا اعتراض قرآن شریف کو ادھر ادھر پھیرنا کیا بائع و مشتری قرآن مجید کو ادھر ادھر تدویر یعنے پھیرا پھیرا نہیں کرتے وہاں یہ اعتراض کیوں نہ کیا گیا۔ اور قرآن مجید کا چمڑوں اور اونٹوں کی ہڈیوں پر لکھنا احادیث سے ثابت ہے۔ چوتھا اعتراض قرات آیت آیت یا رکوع رکوع پڑھتے ہیں جائز ہے یا نہیں۔ جواب صحابہ کرام رضوان اللہ

arfat.com

تعالےٰ علیہم اجمعین باہم ایک دوسرے کے دور بلکہ خود جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
جبرائیل علیہ السلام سے دور کرنا اظہر من الشمس ہے۔ اور تمام ملکوں میں قراء حفاظ کا معمول مگر افسوس
کہ منکرین عمل بالحدیث کا دم بھریں۔ مگر درحقیقت انکار کریں یہ انکی مرض نادانی ہے۔ آمدم بر مطلب
خویش پس ہم شرذمہ قلیلوں سے پوچھتے ہیں کہ اسقاط میں کون سی چیز [illegible]
شریف کا فی سبیل اللہ دینا یا بروح میت بعوض قرض [illegible]
حالانکہ جواب ہر ایک کا بیان ہو چکا۔ کیا اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم [illegible] قرآن
فی سبیل اللہ دیا کرتے تھے۔ اگر اس عمل کو گناہ کہو تو یہ حملہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم
اجمعین پر ہے۔ اور ہم پوچھتے ہیں کہ زید نے عمر کا قرض دینا ہے اور زید کے پاس فقط ایک قرآن شریف
کے سوا اور کچھ نہیں۔ کیا زید قرضہ میں اتنے روپیوں کا قرآن قیمتاً دے سکتا ہے یا نہیں۔

پانچواں اعتراض بوقت سماع اسم شریف اذان میں اشہد ان محمد رسول اللہ کے ناخنوں کو
چوم کر آنکھوں پر لگانا اور درود پڑھنا اسکا کیا ثبوت ہے جواب یہ عمل مبارک مستحب بلکہ
سنت ہے۔ کیونکہ موضوعات کبیر میں کہا ملا علی قاری رحمت اللہ علیہ نے حرف میم میں کہ حضرت
سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بوقت سننے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ [illegible] رسول اللہ کے [illegible]
کو چومتے تھے۔ اور کہا یہ حدیث صحیح ہے نیز ارشاد نبوی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم [illegible] من [illegible]
ابوبکر و عمر اس پر شاہد ہے بلکہ ارشاد قرآنی والسابقون الاولون من المہاجرین والانصار
الذین اتبعوھم باحسان رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ انکی شان میں موجود ہے۔ پس یہ
عمل مبارک نہایت ہی اچھا ہے۔ لہذا اکثر علما بوقت [illegible]
تجالکم الخ کے یہ عمل کرتے اور فتوے اسکے جواز کا [illegible]
نام پاک اللہ تبارک و تعالےٰ پر یہ عمل کیوں نہیں کرتے جواب [illegible]
فقد اطاع اللہ یعنی جسنے اطاعت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم [illegible] تبارک و تعالےٰ
کی تو جسنے تعظیم کی آپ کے اسم شریف کی تو اسنے [illegible] تعالےٰ کے نام کی تعظیم کی اور [illegible]
عکس و رفع نہیں ہوا نیز قولہ تعالےٰ ان الذین یبایعونک [illegible]
ایدیھم سورہ فتح حضور کی بیعت اللہ جل جلالہ کی بیعت [illegible]
وقولہ تعالیٰ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ [illegible]
کروانا ہے۔ کیونکہ آپ کی ذات شریف جلال جمال [illegible]
بھی نہیں رکھا۔ لہذا فرمایا وما ینطق عن الھوی [illegible]
امیلک لنفسی بخلاف موت علیہ السلام کے کہا لا امیلک الا [illegible]

ذات گرامی خدا تعالےٰ میں اسقدر فنا ہے اور اپنے فعل سے نفی کی ہے تو حضور کا ادب اور تعظیم کیا غیر اللہ
ٹھیرایا خود اسی کی تعظیم ہوگئی کیونکہ اوسی خالق اللیل والنہار نے ہم سبہ کو حضور کے بندے فرمایا ہے
لقولہ تعالیٰ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِہِمْ الآیۃ تو کیا ہم اپنے آقا و مولا کی تعظیم نہ
کریں۔ خاک بدہان منکرین۔ اور کتب فروشوں کی دوکانوں سے قرآن خواں قیمتاً قرآن مجید لاتے
ہیں یا نہیں۔ کیا قرآن کی قیمت کرنا اگر جائز نہیں تو سبہ کے سبہ گنہگار ہوئے بلکہ منکرین بھی ہمراہ
ہی رہے۔ کیونکہ انکو بھی وہاں سے قرآن مفت نہیں ملتا پس یا کوئی مسکین کو فی سبیل اللہ دیوے
یا قیمت سے دیوے گا پس دونو صورتوں میں اموات سے دشمنی ہوئی کہ اون کی طرف سے یہ دینا گناہ
ہے نعوذ باللہ من ذلک خدا تعالےٰ منکرین کو ہدایت کرے۔ مسئلہ عورت کو مہر دینا بموجب قولہ
تعالےٰ وَاٰتُوْھُنَّ اُجُوْرَھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وقولہ تعالیٰ وَاُحِلَّ لَکُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ اَنْ
تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِہٖ مِنْھُنَّ فَاٰتُوْھُنَّ
اُجُوْرَھُنَّ فَرِیْضَۃً پس بموجب قول الٰہی جل وعلا کے عورتوں کو مہر میں مال دینا لازم ہوا۔ اور امام
شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایک آیت یا دو آیتیں یا ایک سورۃ یا دو سورتیں عوض مہر کے عورت
کو پڑھا دینا جائز ہے اور نزدیک حنفیہ کے جائز نہیں ہاں اگر قرآن شریف دس درم یا زیادہ کا عوض
مہر کے دیوے تو جائز ہے۔ کیونکہ مہر میں مال دینا فرض ہے بالاتفاق بموجب آیات واحادیث کے
پس قرآن مجید بہرحال مال ہے اور سورت کا پڑھا دینا مال محسوب نہیں ہوتا بخلاف قرآن دینے
کے قیمت کے پس جب قرآن مجید مال ہے تو جب کوئی فوت ہوا اور تین قرآن اسکے گھر میں ہیں بجز
انکے اور کوئی مال نہیں اور مرتے ہوئے اوسنے وصیت کی بموجب حدیث ان اللہ تصدق علیکم
بثلث اموالکم عند موتکم زیادۃ فی اعمالکم کے قرآن مجید بموجب وصیت کے دیویں یا نہ
دیویں پس اگر نہ دیویں تو حدیث کے خلاف ہوا دیکھو قرض خواہ قرض کے عوض قرآن کو لیتا ہے
اگر مال نہ ہوتا تو کیوں لیتا پس جب قرض دین لازم آتا ہے تو وصیت میں اولےٰ تر لازم ہوا۔
مثل ایک ماہ نماز کا فدیہ تین روپیہ ہیں اور بدون تین قرآن کے کچھ نہیں اور ہر ایک کی قیمت تین روپیہ ہیں
اور بجز اسکے میت کا ترکہ اور کچھ نہیں اور وصیت کر گیا کہ میری ایک مہینہ کی نماز کی اسقاط کرنا پس
اگر وارث موافق وصیت کے میت کے اسقاط قرآنی نہ کریگا۔ تو ماخوذ ہوگا۔ کیونکہ ترک واجب سے
گناہ عظیم ہے۔ سر خفی یہ ہے کہ اوراق اور سیاہی اور اجرت کاتب مالیت میں داخل ہیں اور آیات
الٰہیہ مال نہیں پس اگر اوراق وسیاہی بھی مال نہیں تو لَا تَشْتَرُوْا بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا کا کیا جواب
ہے بلکہ بموجب اسی آیات کے قرآن مجید فروخت کرنے والے دوزخی ٹھیرے۔ علاوہ اسکے کتب طب و
منطق ونحو وغیرہ بھی مال نہ ہوئے پس جب وہ مال نہیں تو کتب فقہ میں انکی زکوٰۃ کیوں ہے۔ حالانکہ قرآن شریف

arfat.com

کے تجارتی تاجروں کے دکانوں پر ہوں تو اونکی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔ پس منکرین اگر قبول نہ کریں تو جواب لازم
ہے۔ پس منکرین کے کوئی سند صحیح عدم جواز اسقاط بالقرآن پر ہرگز نہیں اور نہ اسکے بدعت ہونے کا ثبوت
مگر تاہم آپ کوئی دلیل قرآنی اسکے ثبوت میں تحریر کریں کہ مجوزین کے لیے دست آویز ہو جیسے قولہ تعالیٰ مَنْ
جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا میں کلمہ من عام ہے اور وہ شامل ہے تمام احیاء و اموات کو بدلیل قولہ تعالیٰ
مَنْ مَاتَ وَلَيْسَ فِي عُنُقِهِ بَيْعَةٌ وَتَقْوٰى اور کلمہ حسنہ بھی عام ہے شامل ہر نیکی بدنی و مالی
و مرکب کو تو معنے یہ ہوا کہ جو زندہ یا مردہ مومن کسی طرح کی نیکی لاوے بدنی یا مالی یا مرکب اپنی کمائی
سے یا غیر اوسکو بخشے تو بہتر اوس نیکی سے لے گا اور قرآن شریف کا نیکی ہونا متواترات سے
ثابت ہے ثانیاً قولہ تعالیٰ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ہمکو امر ہوا پنجہ مارنیکا
ساتھ قرآن مجید کے ہر حالت میں پس میت گنہگار کے واسطے بھی ہم ساتھ قرآن کے ہی اعتصام
(پنجہ مارنا) کریں اور چنگل ماریں۔ ثالثاً ہمکو حکم ہوا وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ یعنی خدا تعالیٰ سے وسیلہ
طلب کرو پس قرآن شریف سے زائد اور کون وسیلہ ہمارے لیے ہے۔ حیات اور ممات میں وایضاً
فرمایا خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا یعنی انکے مالوں سے صدقہ پکڑ کر
اونکو پاک بناؤ۔ اور اونکا تزکیہ کرو پس معلوم ہوا کہ صدقہ دینا اموال سے گناہوں اور عیبوں
کی نجاست سے پاک کرتا ہے اور مال وہ ہوتا ہے کہ جسکی طرف رغبت و میل قلبی ہو پس قرآن بھی
مال ہوا اور گو کہ مورد خاص ہے لیکن الفاظ عام ہیں ہر زمانہ میں ہر زندہ و میت [illegible]
پس ثابت ہوا کہ دینا قرآن کا بھی واسطے اسقاط گناہوں کی میل کچیل سے طہارت [illegible]
پاکی حاصل کرنے کو مامور ہے مثل غلہ و نقود کے پس دینا چاہیے۔ وَقَالَ الرَّسُولُ [illegible]
اتَّخِذُوا هٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا کے مورد و مصداق نہیں جب حیاتی میں قرآن [illegible]
نہیں تو بعد وفات اوسکے ترک پر کونسی دلیل ہے۔ مگر اعداء اموات ضرور ہی قرآن چھوڑانا چاہیں
حالانکہ اہل قبور کو سماع قرآن علی القبور راحت و انس حاصل ہوتا ہے۔ اور حدیث طبرانی بیہقی
میں ہے کہ فرمایا علیہ السلام نے جو چیز اللہ تعالیٰ نے حلال کی وہ حلال ہے اور جو حرام
کی وہ حرام ہے۔ اور جس سے سکوت کیا وہ معاف ہے۔ پس قبول کرو اللہ تبارک و تعالیٰ کی معافی
کو کیونکہ اوس سے کوئی چیز خفی اور بھولی ہوئی نہیں اور یہ ثابت ہو گیا کہ اصل ہر چیز میں اباحت ہے
مگر جس میں شارع سے حلت یا حرمت یا کراہت ثابت نہیں وہ مستثنیٰ ہے۔ اور اسقاط کو کسی فقیہ نے
بھی مکروہ نہیں کہا۔ بلکہ ساتھ قرآن کے اسقاط کرنے سے اور بعض کتب سے بھی جواز ثابت ہے کما مر
وَمَنْ أَنْكَرَ فَعَلَيْهِ الْبَيَانُ۔ سادساً بموجب وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ بِمَا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ
بموجب وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ کے دفع کرنا سیئات کا

Marfat.com

ساتھ حسنات کے حسن بلکہ احسن ہے لقولہ تعالیٰ اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِهًا الخ
پس اگر لازم اور اولیٰ و مستحب ہی جانکر اسقاط ذنوب ساتھ قرآن مجید کے کریں اسلئے کہ ادنے مراتب الامر
ہے تو کیا اچھا ہو واللہ اعلم۔ کیا اولیاء اللہ کی قبروں پر سقف یعنے چھت اور قبہ بنانا جائز ہے یا نہیں۔ جواب مدفون
نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ام المومنین عائشۃ الصدیقہ کے حجرہ شریفہ متواترات سے ثابت ہے اور
وہ مسقف بھی تھا تو قبوں کا قبر پر بنانا سنت ہوا۔ غرض کہ اگر قبہ حضور کا بلا امر حضور کے تھا تو اجماع
خلفاء الراشدین کافی ہے۔ اور اگر کہو کہ یہ حضور ہی کا خاصہ تھا تو صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما
کیوں حجرہ مسقف میں دفن کیے گئے مع حضور مجمع صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین۔ پس اگر عدم استحباب تسلیم
کریں تو جواز و اباحت سے ہرگز خالی نہیں اور روح البیان وغیرہا میں
قبوں کا بنانا اوپر چادر ڈالنا وغیرہما کا جواز ثابت ہے۔ حضرت مولینا مولوی محمد اکبر صاحب قدس
سرہ العزیز کے رسالہ فیض مقالہ کے صفحہ سے ۱۴ تک کا خلاصہ مع اضافہ بعض دلائل ہدیہ ناظرین
ہوا۔ اعتراض منکرین کا کہ بے نماز جسنے نماز کو فرض ہی نہ جانا اور کبھی سجدہ نہیں کیا وہ تو کافر
ہوتا ہے اوسکی اسقاط کیسے ہو سکتی ہے۔ جواب ہاں اگر ایسا بے نماز ہو جسنے فرضیت نماز یا
روزے یا کسی اور فرض یا کسی مجمع علیہ کا کیا تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ جبتک توبہ بھی نہ کرے
احکام کفر کے اوسپر جاری ہونگے مگر جو شخص تہاون اور کسل و سستی و غفلت سے تارک الصوم
